Cambridge International A Level

**Cambridge International Examinations**
Cambridge International Advanced Level

**URDU** **9686/04**

Paper 4 Texts **May/June 2017**

**2 hours 30 minutes**

Additional Materials: Answer Booklet/Paper

**Invigilators must refer to the Additional Materials List for instructions on the use of set texts in the examination.**

**READ THESE INSTRUCTIONS FIRST**

If you have been given an Answer Booklet, follow the instructions on the front cover of the Booklet.
Write your Centre number, candidate number and name on all the work you hand in.
Write in dark blue or black pen.
Do not use staples, paper clips, glue or correction fluid.
DO **NOT** WRITE IN ANY BARCODES.

Answer any **three** questions, each on a different text. You must choose **one** question from Section 1, **one** from Section 2 and **one** other.
Write your answers in **Urdu** on the separate answer paper provided.
You should write between 500 and 600 words for each answer.
Dictionaries are **not** permitted.
You are advised to divide your time equally between your answers.

At the end of the examination, fasten all your work securely together.
All questions in this paper carry equal marks.

**سب سے پہلے مندرجہ ذیل ہدایات پڑھیے**

اگر آپ کو جوابی پرچہ مہیا کیا گیا ہے تو سرورق پر دی گئی ہدایات پر عمل کیجیے۔
اپنا نام سنٹر نمبر اور امیدوار کا نمبر جوابی پرچے پر لکھیے۔
گہرے نیلے یا کالے رنگ کے قلم سے لکھیے۔
اسٹیپل، پیپر کلپ، ہائی لائیٹر، گوند، کریکشن فلوئڈ کا استعمال مت کیجیے۔
کسی بھی بار کوڈ پر کچھ نہ لکھیے۔

کوئی سے تین سوالوں کے جواب دیجیے لیکن ہر سوال کا تعلق مختلف ٹیکسٹ سے ہونا چاہیے۔
آپ کے لیے پہلے اور دوسرے حصے میں سے ایک ایک سوال کا جواب دینا لازمی ہے جبکہ تیسرا سوال کسی بھی حصے سے منتخب کیا جا سکتا ہے۔
اپنے جوابات مہیا کیے گئے جوابی پرچے میں **اردو** میں لکھیے۔
آپ کا ہر جواب 500 سے 600 الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیے۔
لغت (ڈکشنری) استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے۔
آپ کو اپنے جوابات کے درمیان یکساں طور پر اپنے وقت کو تقسیم کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔

امتحان کے آخر میں تمام جوابی پرچوں کو ایک دوسرے کے ساتھ مضبوطی سے نتھی کر دیجیے۔
اس پرچے میں دیے گئے تمام سوالوں کے مارکس مساوی ہیں۔

This document consists of **5** printed pages and **3** blank pages.

DC (KN/ST) 138230/3
© UCLES 2017

CAMBRIDGE
International Examinations

[Turn over

## پہلا حصہ

## 1 غزلیں

سوال (a) اور سوال (b) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیے۔

(a)

دل ہی تو ہے نہ سنگ و خشت، درد سے بھر نہ آئے کیوں؟
روئیں گے ہم ہزار بار، کوئی ہمیں ستائے کیوں؟
دیر نہیں، حرم نہیں، در نہیں، آستاں نہیں
بیٹھے ہیں رہگزر پہ ہم، کوئی ہمیں اٹھائے کیوں؟
جب وہ جمال دل فروز صورت مہر نیم روز
آپ ہی ہو نظارہ سوز، پردے میں منہ چھپائے کیوں؟
قید حیات و بند غم اصل میں دونوں ایک ہیں
موت سے پہلے آدمی غم سے نجات پائے کیوں؟
غالؔب خستہ کے بغیر کون سے کام بند ہیں؟
روییے زار زار کیا؟ کیجیے ہائے ہائے کیوں؟
(غالؔب)

(i) مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

(ii) اس غزل میں غالؔب کی شاعری کے کون سے پہلو نمایاں ہیں؟ تفصیل سے لکھیے۔ [25]

یا

(b) نصاب میں شامل غزل گو شعراء میں سے آپ کو کس کی شاعری زیادہ پسند ہے اور کیوں؟ اشعار کے حوالے سے تفصیل سے وضاحت کیجیے۔ [25]

2 **نظمیں**

سوال (a) اور سوال (b) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیے۔

(a)

پچھلے پہر کی کوئل وہ صبح کی مؤذن
میں اس کا ہمنوا ہوں ، وہ میری ہمنوا ہو
کانوں پہ ہو نہ میرے دیر و حرم کا احساں !
روزن ہی جھونپڑی کا مجھ کو سحر نما ہو
پھولوں کو آئے جس دم شبنم وضو کرانے
رونا مرا وضو ہو ، نالہ مری دعا ہو !
اس خامشی میں جائیں اتنے بلند نالے
تاروں کے قافلے کو میری صدا درا ہو
ہر درد مند دل کو رونا مرا رلا دے
بے ہوش جو پڑے ہیں شاید انہیں جگا دے

(اقبالؔ)

(i) مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

(ii) یہ نظم علامہ اقبال کے مخصوص انداز بیان کی کس حد تک ترجمانی کرتی ہے؟ تفصیل سے اپنی رائے کا اظہار کیجیے۔ [25]

یا

(b) کیا ساحرؔ کو ایک رومانی شاعر کہا جا سکتا ہے؟ نصاب میں شامل ساحرؔ کی نظموں کے حوالے سے تفصیل سے تبصرہ کیجیے۔ [25]

3

## نظمیں

سوال (a) اور سوال (b) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیے۔

(a)

سرشار نگاہ نرگس ہوں، پابستہ گیسوئے سنبل ہوں
یہ میرا چمن ہے میرا چمن، میں اپنے چمن کا بلبل ہوں
ہر آن یہاں صہبائے کہن اک ساغر نو میں ڈھلتی ہے
کلیوں سے حسن ٹپکتا ہے، پھولوں سے جوانی اُبلتی ہے
جو طاقِ حرم میں روشن ہے وہ شمع یہاں بھی جلتی ہے
اس دشت کے گوشے گوشے سے اک جوئے حیات ابلتی ہے
اسلام کے اس بت خانے میں اصنام بھی ہیں اور آذر بھی
تہذیب کے اس مے خانے میں شمشیر بھی ہے اور ساغر بھی
یاں حسن کی برق چمکتی ہے، یاں نور کی بارش ہوتی ہے
ہر آہ یہاں اک نغمہ ہے، ہر اشک یہاں اک موتی ہے
(مجازؔ)

(i) مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

(ii) مندرجہ بالا نظم میں شاعر مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کے بارے میں کیسا تاثر پیش کر رہا ہے۔ تفصیل سے لکھیے۔ [25]

یا

(b) نصاب میں شامل جوشؔ کی کون سی نظم آپ کو سب سے زیادہ پسند ہے اور کیوں؟ اشعار کے حوالے سے اپنے جواب کی وضاحت کیجیے۔ [25]

## دوسرا حصہ

**4** **امراؤجان ادا، مرزا رسوا**

**(a)** امراؤجان ادا کے والد کو سچ کی بھاری قیمت چکانی پڑی۔ اس بیان پر تفصیل سے تبصرہ کیجیے۔ [25]

یا

**(b)** امراؤجان ادا، داستان ہی نہیں، ایک عہد کی تہذیب ہے۔ تبصرہ کیجیے۔ [25]

**5** **افسانے**

**(a)** آپ کے خیال میں نصاب میں شامل کون سا افسانہ ہمارے معاشرے کی صحیح عکاسی کرتا ہے؟ اپنی رائے کا اظہار تفصیل سے کیجیے۔ [25]

یا

**(b)** دراصل ہمارا معاشرہ گھیسو اور مادھو جیسے کردار پیدا کرتا ہے۔ اس بارے میں اپنی رائے کا اظہار تفصیل سے کیجیے۔ [25]

**6** **انارکلی، امتیاز علی تاج**

**(a)** اگر دلآرام اپنی محبت قربان کر دیتی تو ڈرامہ انارکلی اتنا مقبول نہ ہوتا۔ اپنی رائے کا اظہار تفصیل سے کیجیے۔ [25]

یا

**(b)** آپ کے خیال میں سلیم کو کیا کرنا چاہیے تھا؟ ڈرامے کی روشنی میں تفصیل سے جواب دیجیے۔ [25]

**BLANK PAGE**

© UCLES 2017 

**BLANK PAGE**

© UCLES 2017 

BLANK PAGE

Permission to reproduce items where third-party owned material protected by copyright is included has been sought and cleared where possible. Every reasonable effort has been made by the publisher (UCLES) to trace copyright holders, but if any items requiring clearance have unwittingly been included, the publisher will be pleased to make amends at the earliest possible opportunity.

To avoid the issue of disclosure of answer-related information to candidates, all copyright acknowledgements are reproduced online in the Cambridge International Examinations Copyright Acknowledgements Booklet. This is produced for each series of examinations and is freely available to download at www.cie.org.uk after the live examination series.

Cambridge International Examinations is part of the Cambridge Assessment Group. Cambridge Assessment is the brand name of University of Cambridge Local Examinations Syndicate (UCLES), which is itself a department of the University of Cambridge.